# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

## (شعبہ فکر اسلامی، تاریخ وثقافت)

**وارننگ**

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ :

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری " Plagiarism پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس: مقاصد شریعہ (1901) سمسٹر: خزاں 2026

سطح: بی ایس علومِ اسلامیہ

## ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

# امتحانی مشق نمبر1

## (یونٹ نمبر1-5)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ ارتداد کا شرعی اور لغوی مفہوم کیا ہے؟ ارتداد کے اظہار کے مختلف طریقے کیا ہیں اور ان طریقوں کی شرعی سزاؤں کی تفصیل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ بدعت کا مفہوم کیا ہے؟ بدعت کی انواع اور اقسام کون سی ہیں؟ بدعت کے شرعی احکام اور اس کے اثرات پر مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ تحفظِ نفس (جان کی حفاظت)، تحفظِ عقل (عقل کی حفاظت) اور تحفظِ مال (مال کی حفاظت) کی اہمیت اور شریعت میں ان مصالحِ ضروریہ کے حوالے سے تفصیلی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ شریعت کا مفہوم اور اس کی بنیادی خصوصیات کیا ہیں؟ شریعت اسلامیہ کے قانونی، معاشرتی اور اخلاقی پہلوؤں پر جامع روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ شریعت اسلامیہ کے احکام میں پوشیدہ حکمتیں اور مقاصد کون سے ہیں؟ قرآنی تعلیمات کی روشنی میں ان کی وضاحت کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر2

## (یونٹ نمبر6-9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ شریعت اسلامیہ میں "حاکم" کا مفہوم کیا ہے؟ عقل کی مقامیت اور افعال میں حسن وقبح کے اعتبار سے تین مکاتبِ فکر (مسالک ثلاثہ) کی تفصیل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ شریعت میں سزا کے نفاذ کا حق کن افراد یا اداروں کو حاصل ہے؟ اس حق کی حدود اور شرائط پر ایک جامع نوٹ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ نکاح کا لغوی اور اصطلاحی مفہوم کیا ہے؟ قرآن وسنت کی روشنی میں نکاح کی اہمیت، ارکان اور شرائط کی تفصیل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ شریعت اسلامیہ نے حفاظتِ نسل (نسل کی بقا) پر کس مقصد کے تحت زور دیا ہے؟ اس مقصد کی وضاحت کے ساتھ حفاظتِ نسل کے متعلق شریعت کی تعلیمات تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ ارتداد کی شناخت میں کون کون سے عوامل مؤثر ہوتے ہیں؟ ارتداد اور کفر کی تعریف اور ان میں فرق واضح کریں۔ (20)